# جامعۃالمدینہ فیضانِ بہارِ مدینہ

01- غزوہِ تبوک کے موقع پر منافقوں کے حوالے سے کیا غیبی خبر دی گئی؟
ج۔ جنگ میں شرکت نہ کرنے کے بہانے بنائیں گے۔
02- عالم الغیب والشہادہ کا لفظ کس کے لیے استعمال ہوتا ہے؟
ج۔ اللہ پاک کے لیے۔
03- منافقوں کو رِجْس گندگی کیوں کہا گیا؟
ج۔ ان کے باطن کی خباثت کی وجہ سے۔
04- الاعراب کا معنی کیا ہے؟
ج۔ دیہات میں رہنے والے۔
05- الاعراب اشد کفرا و نفاقا ۔ کا تفسیری معنی کیا ہے؟
ج۔ دیہات میں رہنے والے شہریوں کے مقابلے میں کفر اور نفاق میں زیادہ سخت ہیں کیونکہ ان کی طبیعت سخت ہوتی ہیں اور قران کو سننے سے دور ہوتے ہیں۔
06- (ومن الاعراب من یتخذ ما ینفق مغرما) آیت کس کے بارے میں نازل ہوئی اور اس کا ترجمہ کیا ہے؟
ج۔ (بعض دیہاتی اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کو تاوان سمجھتے ہیں) ثواب کی امید نہ رکھنے کی وجہ سے۔ یہ آیت بنو اسد اور غطفان کے متعلق نازل ہوئی۔
07- علیہم دائرۃ السوء کا تفسیری معنی تحریر کریں۔
ج۔ ان پر عذاب اور ہلاکت گھومتی رہتی ہے۔
08- ومن الاعراب من یؤمن باللہ والیوم الآخر۔۔ یہ آیت کس کے بارے میں نازل ہوئی ؟ اور تفسیری معنی تحریر کریں۔
ج۔ بعض دیہاتی وہ ہیں جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان لاتے ہیں اور اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کو اللہ کے پاس نزدیکی اور رسول اللہ کی دعاؤں کا وسیلہ سمجھتے ہیں۔ یہ آیت قبیلہ جہینہ اور مزینہ کے بارے میں نازل ہوئی۔
09- والسّٰبقون الاولون من المہاجرین والانصار سے کون سے حضرات مراد ہیں؟
ج۔ بدر میں حاضر ہونے والے صحابہ یا تمام صحابہ۔

10- وممن حولکم من الاعراب منافقون ومن اھل المدینۃ اس آیت میں خطاب کس سے ہے اور منافقون میں کون سے منافق مراد ہیں؟

ج۔ اہل مدینہ سے خطاب ہے اور منافقین سے مراد قبیلہ اسلم،اشجع اور غفار ہیں ۔

11- سنعذبھم مرّتین ثم یردون الی عذاب عظیم کا معنی اور مرتین کی وضاحت تحریر کریں۔

ج۔ عنقریب ہم ان منافقوں کو دو مرتبہ عذاب دیں گے پھر انہیں بڑے عذاب کی طرف لوٹایا جائے گا۔

پہلی مرتبہ دنیا میں رسوائی اور قتل کا عذاب اور دوسری مرتبہ قبر کا عذاب۔اور بڑے عذاب سے مراد جہنم کا عذاب۔

12- واٰخرون اعترفوا بذنوبھم خلطواعملا صالحا۔ یہ آیت کن حضرات کے بارے میں نازل ہوئی؟

ج۔ یہ آیت ابو لبابہ اوران صحابہ کی جماعت کے بارے میں نازل ہوئی جنہوں نے مسجد کے ستون سے اپنے آپ کو باندھ لیا جب ان تک اُس آیت کی خبر پہنچی جو جنگ سے پیچھے رہ جانے والوں کے بارے میں نازل ہوئی۔ اور انہوں نے یہ قسم کھائی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کوئی انہں نہیں کھولے گا۔

13- خذ من اموالھم صدقۃ۔۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے صدقے کے لیے کتنا مال لیا؟

ج ۔ ایک تہائی مال جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ فرما دیا۔

14- وآخرون مرجون لامر اللہ اما یعذبھم واما یتوب علیھم) اس آیت کا معنی اور کن حضرات کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی تحریر کریں۔

ج۔ جنگ سے پیچھے رہ جانے والے دوسرے وہ جن کی توبہ اللہ کے حکم سے موخر ہو گئی یا تو اللہ انہیں عذاب دے گا یا اللہ ان کی توبہ قبول فرمائے گا ۔ یہ آیت مرارہ بن ربیع، کعب بن مالک اور ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہم کے بارے میں نازل ہوئی جو منافقت کے بغیر سستی کی بنا پر غزوہِ تبوک میں حاضر نہ ہو پائے اور ابو لبابہ جیسے حضرات کی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے عذر پیش نہیں کیا 50 دن تک ان کا معاملہ موقوف ہو

گیا لوگوں نے ان سے بات چیت کرنا چھوڑ دیا یہاں تک کہ ان حضرات کی توبہ کے متعلق آیت نازل ہوئی۔

15- مسجد ضرار بنانے پر مختصر نوٹ تحریر کریں؟

ج۔ 12 منافقوں نے قبا مسجد والوں کو نقصان پہنچانے اور کفر کی وجہ سے مسجد ضرار بنائی اور یہ قسم اٹھا کر یہ بات کہتے تھے کہ ہم نے اس ارادے سے یہ مسجد بنائی کہ بارش گرمی میں مسلمانوں پر آسانی ہو جائے کہ انہیں دور نہیں جانا پڑے گا اور حقیقت میں ان منافقوں نے ابو عامر راہب کافر کے کہنے پر یہ مسجد بنائی تاکہ قیصر روم کے پاس سے آنے والی فوج اور اس کافر کا یہ ٹھکانہ بن جائے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے جنگ کرے منافقوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ آپ اس مسجد میں نماز پڑھیں اللہ پاک نے قران میں ارشاد فرمایا کہ آپ اس میں کبھی بھی نماز نہ پڑھیں پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے صحابہ کی ایک جماعت نے اس مسجد ضرار کو گرا کر جلا دیا اس جگہ کو کوڑا خانہ بنا دیا جہاں سڑی ہوئی میت پھینکی جاتی ۔

16- لمسجد اسس علی التقوی ۔ میں کون سی مسجد مراد ہے؟

ج۔ مسجد قبا۔

17- یحبون ان یتطھروا واللہ یحب المطھرین یہ آیت کن کے حق میں نازل ہوئی اور قران میں ان کی تعریف کی وجہ کیا ہے؟

ج۔ مسجد قبا والوں کے بارے میں نازل ہوئی ایک روایت کے مطابق پانی سے استنجا کرنے اور ایک روایت کے مطابق پتھر کے بعد پانی سے استنجا کرنے کی وجہ سے

18- ما کان للنبی واللذین آمنوا ان یستغفروا للمشرکین۔ اس آیت کا شان نزول تحریر کریں۔

ج۔ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا ابو طالب اور بعض صحابہ نے اپنے مشرک والدین کے لیے اسغفار کیا تو یہ آیت نازل ہوئی۔

19- غزوہ تبوک میں کس قدر تنگی تھی؟

ج۔ دو افراد ایک پھل کھاتے اور دس افراد باری باری ایک اونٹ پر سوار ہوتے ۔

20- وما کان المؤمنون لینفروا کافۃ ) آیت کا شان نزول تحریر کریں۔

# جامعۃالمدینہ فیضانِ بہارِ مدینہ

ج۔ غزوہ تبوک کی جنگ سے پیچھے رہ جانے کے حوالے سے جب ڈانٹ ڈپٹ کی گئی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بعد ایک جنگی مہم کو روانہ کیا تو سارے جانے کے لیے نکل آئے تو پھر یہ آیت نازل ہوئی۔

21- وھو رب العرش العظیم میں خاص طور پر عرش کا ذکر کیوں کیا گیا حالانکہ اللہ پاک سب کا رب ہے؟

ج۔ کیونکہ عرش مخلوقات میں سب سے بڑا ہے۔

22- حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق سب سے آخری آیت کون سی ہے؟

ج۔ لقد جاءکم رسول من انفسکم---- سورت کے آخر تک۔

23- سوری یونس کی آیتیں کتنی ہیں ؟

ج۔ 109 یا 110

24- اللہ تعالی نے آسمان و زمین کتنے دن میں بنائے اور اس کی کیا وجہ ہے ؟

ج۔ دنیا کے دن کی مقدار کے حساب سے چھ دن میں بنائے مخلوق کو اطمینان سے کام کرنے کی تعلیم دینے کی وجہ سے۔

25- ما من شفیع الا من بعد اذنہ میں کس بات کا رد ہے؟

ج۔ کافروں کی اس بات کا رد ہے کہ بت ان کی شفاعت کریں گے۔

26- تذَّکَّرُون کی تعلیل تحریر کریں۔

ج۔ اصل صیغہ تَتَذَکَّرون میں تا کو ذال سے بدل کر ذال کا ذال میں ادغام کر دیا۔

27- اللہ پاک نے چاند کے چلنے کی حیثیت سے کتنی منزلیں مقرر کی اور اس کی وجہ کیا ہے؟

ج۔ 28 منزلیں 28 راتوں میں اور دو دن یا ایک دن چاند پوشیدہ رہتا ہے۔ تاکہ سال اور حساب کی گنتی معلوم کی جا سکے ۔

28- جنتی جنت میں اپنی خواہش کا مطالبہ کس طرح کریں گے؟

ج۔ سبحانک اللہم کہیں گے تو چیز فورا ان کے سامنے حاضر ہو جائے گی

۔

29- جنتی ملاقات کا آغاز اور اختتام کس طرح کریں گے؟

ج۔ سلام سے آغاز اور الحمدللہ رب العالمین پر اختتام کریں گے۔

# جامعۃالمدینہ فیضانِ بہارِ مدینہ

30- ولو یعجل اللہ للناس الشر استعجالھم ..) آیت کا شان نزول تحریر کریں۔
ج۔ جب مشرکوں نے عذاب کی جلدی کا مطالبہ کیا تو یہ آیت نازل ہوئی۔
31- کافروں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کس طرح کا قران لانے کا مطالبہ کیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا جواب دیا؟
ج۔ انہوں نے اس طرح کہا کہ آپ اس قران کے علاوہ دوسرا قران لے آئیں جس میں ہمارے معبودوں کے عیوب بیان نہ ہو یا اسے اپنی طرف سے تبدیل کر دیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے لیے جائز نہیں کہ میں اسے اپنی طرف سے تبدیل کر دوں میں اسی کی پیروی کرتا ہوں جو میری طرف وحی کی جاتی ہے۔
32- وما کان الناس الا امۃ واحدۃ فاختلفوا) میں امۃ واحدۃ سے کیا مراد ہے؟
ج۔ ایک دین مراد ہے اور وہ اسلام ہے حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر نوح علیہ السلام تک یا حضرت ابراہیم علیہ السلام سے عمرو بن لحی کافر سے پہلے تک
33- لولا انزل علیہ آیۃ من ربہ۔ کافر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پریشان کرنے کے ارادے سے کون سے معجزات کا مطالبہ کرتے تھے؟
ج۔ وہ معجزات جو سابقہ انبیاء کے لیے تھیں جیسا کہ اونٹنی، عصا، روشن ہاتھ وغیرہ
34- کافر جب سمندر کی موجوں میں پھنس جاتے تو کیا کہتے ہیں؟
ج۔ اس وقت صرف اللہ ہی سے دعا کرتے ہیں کہ اگر تو ہمیں اس سے نجات دے دے تو ہم وحدانیت بیان کرنے والوں میں سے ہو جائیں گے ۔
35- واللہ یدعو الی دارالسلام ۔ میں دارالسلام سے کیا مراد ہے؟
ج۔ جنت
36- ویھدی من یشاء الی صراط مستقیم میں صراط مستقیم سے کیا مراد ہے؟
ج۔ دین اسلام
37- للذین احسنوا الحسنی وزیادہ میں حسنی اور زیادہ سے کیا مراد ہے؟
ج۔ حسنی سے مراد جنت اور زیادہ سے مراد اللہ پاک کا دیدار۔
38- کذالک حقت کلمۃ ربک علی اللذین کفروا میں کلمہ سے کون سا کلمہ مراد ہے؟
ج۔ لاملئن جھنم من الجِنۃ والناس اجمعین۔ آیت مراد ہے

39- ام یقولون افتراہ ۔ جب کافروں نے کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے قران خود بنا لیا ہے تو ان کو کیا جواب ملا؟

ج تم اس قران کی مثل کوئی سورت لے آؤ اور مدد کے لیے اللہ تعالی کے سوا جس کی تم استطاعت رکھتے ہو بلا لاؤ اگر تم سچے ہو۔

40- وان کذبوک فقل لی عملی ولکم عملکم -- یہ آیت کس آیت سے منسوخ ہے۔

ج۔ آیتِ سیف (وقتلوھم حیث وجدتموھم) سے

41- افانت تھدی العمی ولو کانوا لا یبصرون ۔ کافروں کو اندھوں سے تشبیہ کیوں دی گئی ؟

ج۔ ھدایت حاصل نہ کرنے کی وجہ سے کہ آنکھیں اندھی نہیں ہوتی لیکن دل اندھے ہوتے ہیں ۔

42- اِمَّا اصل میں کیا تھا؟

ج۔ ان ما اِن شرطیہ کا ما زائدہ میں ادغام کر دیا۔

43- قُضِی بینھم بالقسط ۔ اُمت کے درمیان فیصلہ کر دیا جائے گا اس کا نتیجہ کیا ہوگا؟

ج ۔ کافروں کو عذاب دیا جائے گا اور رسول اور جنہوں نے رسول کی تصدیق کی انہیں نجات دی جائے گی ۔

44- لکل امۃ اجل۔ میں اجل سے کیا مراد ہے ؟

ج۔ ان کے ھلاک ہونے کی مدت ۔

45- ویستنبئونک اَ حق ھو۔ کا ھوضمیر کے مرجع کے ساتھ ترجمہ کریں۔

ج۔ کافر آپ سے پوچھتے ہیں کیا وہ حق ہے جس عذاب اور دوبارا اٹھائے جانے کا آپ ہمیں وعید سناتیں ہیں۔

46- قد جاءتکم موعظۃ من ربکم ۔ میں موعظۃ سے کیا مراد ہے ؟

ج۔ کتاب یعنی قرآن کریم ۔

47- قل بفضل اللہ وبرحمتہ فبذالک فلیفرحوا ۔ میں فضل اور رحمۃ سے کیا مراد ہے ؟

ج۔ فضل سے مراد اسلام اور رحمۃ سے مراد قران۔

48- وما یعذب عن ربک من مثقال ذرۃ فی الارض ولا فی السماء ولا اصغر من ذالک ولا اکبر الا فی کتاب مبین ۔ میں کتاب سے کیا مراد ہے ؟

ج۔ لوح محفوظ ۔
49- لهم البشرى فى الحياة الدنيا و فى الآخرة ۔ اولیاء کیلئے کونسی خوشخبری ہے؟
ج۔ دنیا کی زندگی میں اچھے خواب اور آخرت میں ثواب اور جنت۔
50- ولا یحزنک قولھم ۔ اس میں کافروں کی کونسی بات مراد ہے؟
ج۔ کافروں کا آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کہنا کہ آپ رسول نہیں۔
51- قالوا اتخذ اللہ ولدا ۔ یہ بات کس نے کہی ؟
ج۔ یہود و نصاری اور انہوں نے جو فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں کہتے ہیں ۔
52- حضرت موسی علیہ السلام کو کتنی نشانیوں کے ساتھ بھیجا گیا؟
ج۔ 09 نشانیوں کے ساتھ
53- جادوگروں نے حضرت موسی علیہ السلام سے مقابلے کے لیے میدان میں کیا پھینکا
ج۔ رسیاں اور لاٹھیاں جو چھوٹے سانپ بن گئے۔
54- موسی علیہ السلام کی قوم کے لیے اپنے گھروں کو نماز کی جگہ بنانے کا حکم کیوں دیا گیا؟
ج۔ کیونکہ فرعون انہیں نماز پڑھنے سے منع کرتا تھا۔
55- حضرت موسی علیہ السلام نے فرعونیوں کے خلاف کیا دعا فرمائی؟ اور دعا کی قبولیت کس طرح ظاہر ہوئی
ج۔ اے ہمارے رب ان کے مالوں کو تبدیل فرما دے اور ان کے دل سخت فرما دیں وہ دردناک عذاب دیکھنے تک ایمان نہ لائیں۔ حضرت ہارون علیہ السلام نے اس دعا پر امین کہا۔ ان کے مال پتھر میں تبدیل ہو گئے اور فرعون ایمان نہ لایا یہاں تک کہ ڈوب کر ہلاک ہو گیا
56- فرعونیوں کے خلاف دعا اور عذاب میں کتنے سال کا عرصہ ہے ؟
ج۔ 40 سال
57- فرعون ڈوبنے کے وقت جب ایمان لانے گا تو اس کے ساتھ کیا ہوا؟
ج۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے اس کے منہ میں سمندر کی کالی مٹی بھردی ۔
58- فرعون کو بے جان جسم کو دریا کے باہر کیوں نکالا گیا ؟

ج۔ بعد والوں کے لیے عبرت کے طور پر اور اس وجہ سے بھی کہ بنی اسرائیل میں سے بعض نے فرعون کی موت پر شک کیا تھا ۔

59- مُبَوّا صِدق سے کون سی جگہ مراد ہے ؟

ج۔ شام اور مصر۔

60- گزشتہ انبیاء میں سے کس نبی کی قوم پر آنے والے عذاب کو روک دیا گیا؟

ج۔ حضرت یونس علیہ السلام کی قوم سے کہ وہ عذاب کی علامات کو دیکھنے کے وقت ایمان لے آئے ۔

61- حقا علینا ننجی المؤمنین۔ میں مومنین سے کون مراد ہیں ؟

ج۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ ۔

62- سورہ هود مکی ہے یا مدنی اور اس کی کتنی آیتیں ہیں؟

ج۔ مکی ہے اور اس کی 122 یا 123 آیتیں ہیں۔

63- کتٰب احکمت آیٰتہ ثم فصلت ۔ میں فصلت سے کیا مراد ہے ؟

ج۔ احکام ، قصوں اور نصیحتوں سے قران کی آیتوں کو بیان کیا گیا ۔

64- یمتعکم متاعا حسنا۔ سے کیا مراد ہے؟

ج۔ وہ تمہیں اچھی زندگی اور وسعت رزق عطا فرمائے گا۔

65- الا انهم یثنون صدورهم لیستخفوا منہ۔۔ اس آیت کا شان نزول تحریر کریں۔

ج۔ یہ آیت ان کے بارے میں نازل ہوئی جو قضائے حاجت اور جماع کے وقت آسمان کی طرف سر اٹھانے سے حیا کرتے تھے۔ یا یہ آیت منافقوں کے بارے میں نازل ہوئی۔